ناظم دفتر اہتمام

احوال وکوائف دارالعلوم

واردین وصادرین

سفیر لیبیا ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ کو جمہوریہ عربیہ لیبیا کے سفیر کبیر جناب شیخ صالح السیار پشاور جاتے ہوئے کچھ دیر کیلئے دارالعلوم حقانیہ میں ٹھہرے نماز عصر کے بعد آپ کو مولانا سمیع الحق ایڈیٹر ماہنامہ الحق نے دارالعلوم کی عمارات دفاتر وغیرہ کا سرسری معائنہ کرایا۔ دارالعلوم میں عیدالاضحیٰ کی تعطیل تھی، پھر بھی کافی طلبہ موجود تھے جنہیں دیکھ کر سفیر محترم نہایت خوش ہوئے اور طلبہ بھی جناب شیخ صالح جیسے اسم بامسمیٰ صالح اور متشرع شخصیت سے بے حد متاثر ہوئے۔ سفیر محترم نے دارالعلوم کی کتاب الآراء میں اپنے تاثرات قلمبند کرتے ہوئے کہا کہ اس سرسری زیارت نے بھی مجھے اس نتیجہ پر پہنچایا ہے کہ دارالعلوم ہر طرح کے اجلال و تقدیر کا مستحق ہے۔ اور میری تمنا ہے کہ میں بہت جلد دارالعلوم میں دوبارہ آؤں اور اطمینان سے کچھ دیر ٹھہروں۔

گورنر سرحد صوبہ سرحد کے موجودہ گورنر جناب ریٹائرڈ میجر جنرل سید غواث صاحب اپنے دینی جذبات کی بناء پر حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ سے دیرینہ مخلصانہ رسم و راہ اور عقیدتمندانہ تعلق رکھتے ہیں۔ ۲۶ دسمبر بروز جمعہ اچانک دارالعلوم تشریف لائے۔ دارالعلوم میں جمعہ کی تعطیل تھی آپ نے دفتر اہتمام میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے ساتھ کافی دیر تک قیام کیا اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کی تفصیلات کے معائنہ کے دوران نہایت خوشی کا اظہار کیا۔ تقریباً چار بجے آپ دارالعلوم سے واپس تشریف لے گئے اس سے کچھ دن قبل بھی آپ نے حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب کی بیمار پرسی کیلئے قدم رنجہ فرمایا تھا

دیانتداری اور خدمت ہمارا شعار ہے

ہم اپنے ہزاروں کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں

جنہوں نے

پستول مارکہ آٹا استعمال کر کے ہماری حوصلہ افزائی کی ہے!

نوشہرہ فلور ملز ـــ جی ٹی روڈ ـــ نوشہرہ۔ فون ۱۲۶